DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

TUESDAY, APRIL 30, 2019

جلد نمبر 25 | منگل، 24 شعبان المعظم 1440ھ 30 اپریل 2019ء 17 بیساکھ 2076ب | شمارہ 59

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 12 قیمت 20 روپے

میڈلز کی عدم فراہمی، طالبعلم نے وفاقی محتسب میں درخواست دیدی

کھیلوں کے مقابلوں کے نتائج روکنے پر قائداعظم یونیورسٹی شعبہ سپورٹس کے حکام طلب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ماڈل پوسٹ گریجویٹ کالج ایچ ایٹ کا طالب علم انٹر کالجیٹ مقابلہ جات میں آٹھ میڈلز جیتنے کے باوجود میڈلز وصول نہ کرسکا، قائداعظم یونیورسٹی کے تحت منعقدہ مقابلوں کے نتائج روکے جانے پر طالب علم نے وفاقی محتسب میں درخواست دیدی، وفاقی محتسب نے آج قائداعظم یونیورسٹی شعبہ سپورٹس کے حکام کو سماعت پر طلب کرلیا ہے، دوسری جانب اسلام آباد ماڈل پوسٹ گریجویٹ کالج ایچ ایٹ کی ٹیم کے منیجر پروفیسر طاہر بھٹی نے ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس قائداعظم یونیورسٹی، سیکرٹری پروموٹیٹ کمیٹی اور یونیورسٹی رجسٹرار کو مراسلہ لکھا جس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ ابرار خان ایچ ایٹ کالج میں بی اے پارٹ ٹو کا طالبعلم ہے جو کسی ادارے کا ملازم نہیں ہے، وہ پاکستان انٹر یونیورسٹی اتھلیٹکس چیمپئن شپ دو ہزار سترہ اٹھارہ اور دو ہزار اٹھارہ انیس میں قائداعظم یونیورسٹی کو میڈلز دلوا چکا ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس پر پاکستان ریلویز کی جانب سے ماضی میں کھیلنے کا الزام لگایا گیا ہے تو پھر اس نے قائداعظم یونیورسٹی کی نمائندگی کیسے کی۔ ابرار خان کو آٹھ میڈلز سے محروم رکھا جارہا ہے۔ پروفیسر طاہر بھٹی نے کہا کہ میری صدر مملکت اور وزیر اعظم سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے پر ایکشن لیں۔